پاسپورٹ

(پاسپورٹ کے حصول اور استعمال سے متعلق جرائم اور ان کی سزائیں)

بحوالہ

پاسپورٹ کا قانون 1974ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانون، انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے پیج نمبر 3 کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

پاسپورٹ

(پاسپورٹ کے حصول اور استعمال سے متعلق جرائم اور ان کی سزائیں)

سوال1۔ پاسپورٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ پاسپورٹ سے مراد وفاقی حکومت کی طرف سے اپنے شہریوں کو بیرون ملک سفر کرنے کے لئے دیئے جانے والا اجازت نامہ یا دیگر سفری دستاویزات ہیں جن کا اجراء پاسپورٹ کے قانون 1974ء کے تحت کیا جاتا ہے۔

سوال2۔ پاسپورٹ کے متعلق جرائم سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ان سے مراد پاسپورٹ کے قانون 1974ء کے تحت بیان کئے گئے درج ذیل جرائم ہیں:

(1) پاسپورٹ کے بغیر بیرون ملک جانا یا جانے کی کوشش کرنا۔

(2) بچے کو پاسپورٹ کے بغیر بیرون ملک لے جانا۔

(3) پاسپورٹ حاصل کرنے کے لئے جان بوجھ کر جھوٹا بیان دینا، تصدیق کرنا، کسی حقیقت کو چھپانا، جعل سازی یا تبدیلی کرنا۔

(4) تبدیل شدہ پاسپورٹ کو استعمال کرنا۔

(5) کسی فرد کا پاسپورٹ غیر قانونی طور پر رکھنا یا اپنا پاسپورٹ کسی کو غیر قانونی طور پر استعمال کرنے کی اجازت دینا۔

(6) پاسپورٹ کی منسوخی کی صورت میں حکومت کو پاسپورٹ واپس نہ کرنا۔

(7) ایک سے زیادہ یا مختلف ناموں پر پاسپورٹ بنوانا وغیرہ۔

سوال3۔ پاسپورٹ کے بغیر بیرون ملک سفر کرنے والے فرد کو کیا سزا دی جاسکتی ہے؟

جواب۔ ایسا فرد جس کی عمر 12 سال یا اس سے زائد ہو اور وہ بغیر پاسپورٹ کے بیرون ملک سفر کرے تو ایسی صورت میں اسے 1 سال تک قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں جبکہ 12 سال سے کم عمر بچے کی صورت میں اسے یا ذمہ دار فرد کو کسی بھی دوسری سزا کے علاوہ 1 سال تک قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال4۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیے غلط بیانی کرنے والے فرد کو کیا سزا دی جاسکتی ہے؟

جواب۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیے غلط بیانی کرنے یا جان بوجھ کر کسی حقیقت کو چھپانے والے فرد کو 3 سال تک قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال5۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیے غلط تصدیق کرنے والے فرد کو کیا سزا دی جاسکتی ہے؟

جواب۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیے غلط تصدیق کرنے والے فرد کو 3 سال تک قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال6۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیےکسی دستاویز میں جعل سازی یا تبدیلی کرنے والےفرد کوکیا سزادی جاسکتی ہے؟

جواب۔ پاسپورٹ کے حصول کے لیےکسی دستاویز میں جعل سازی یا تبدیلی کرنے، ایسی تبدیل شدہ دستاویز استعمال کرنے یا تبدیل شدہ پاسپورٹ کواستعمال کرنے والےفرد کو3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال7۔ غیر قانونی طریقے سے حاصل کیے گئے پاسپورٹ کورکھنے والےفرد کوکیا سزادی جاسکتی ہے؟

جواب۔ غیر قانونی طریقے سے حاصل کیے گئے پاسپورٹ کورکھنے والےفرد کو3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال8۔ کسی دوسرے فرد کواپنا پاسپورٹ استعمال کرنے کی اجازت دینے والےفرد کوکیا سزادی جاسکتی ہے؟

جواب۔ کسی دوسرے فرد کواپنا پاسپورٹ استعمال کرنے کی اجازت دینے والےفرد کو3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال9۔ کسی دوسرے فرد کے پاسپورٹ کوبیرون ملک لے جانے والےفرد کوکیا سزادی جاسکتی ہے؟

جواب۔ کسی دوسرے فرد کے پاسپورٹ کوبیرون ملک لے جانے والےفرد کو3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال10۔ منسوخ شدہ پاسپورٹ واپس نہ کرنے والےفرد کوکیا سزادی جاسکتی ہے؟

جواب۔ منسوخ شدہ پاسپورٹ واپس نہ کرنے والےفرد کو3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال11۔ ایک سے زائد پاسپورٹ حاصل کرنے یا مختلف ناموں پر پاسپورٹ حاصل کرنے کی کیا سزا ہے؟

جواب۔ ایک سے زائد پاسپورٹ حاصل کرنے یا مختلف ناموں پر پاسپورٹ حاصل کرنی کی صورت میں 3 سال تک قید یا جرمانہ یادونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

سوال12۔ پاسپورٹ سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی پاسپورٹ سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں:

(1) قانون وانصاف کمیشن، حکومت پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد، فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس 1379، اسلام آباد، فون نمبر 111-739-739، ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) علاقائی پاسپورٹ دفتر۔

(5) پاسپورٹ کا قانون 1974ئ۔